# 6 کباڑ بیچنے والی (The Junk Seller)






کیا آپ کسی کباڑ والی سے ملے ہیں۔ وہ عورت جو کباڑ بیچتی ہے؟ یہ کرن کے ذریعہ سنائی گئی ایک سچی کہانی ہے، جس کی پٹنہ میں ایک کباڑ کی دوکان ہے۔



میں اپنے گاؤں میں ایک ہندی میڈیم اسکول میں پڑھتی تھی۔ میرے والد چاہتے تھے کہ لڑکیاں لڑکوں کی طرح تعلیم حاصل کریں۔ مجھے ہندی اور سائنس اچھی لگتی تھی لیکن میں ریاضی سے نفرت کرتی تھی! آج ریاضی ہمارے کام میں سب سے زیادہ کارآمد ہے۔ جس کے بارے میں میں نے اسکول میں سوچا بھی نہ تھا

تم اپنے بارے میں بتاؤ؟ کیا تم کو بھی ریاضی مشکل لگتی ہے؟

تمہاری ریاضی کی کتاب میں سب سے مشکل چیز کیا ہے؟ __________

تمہاری نظر میں سب سے آسان سبق کون سا ہے؟ __________

جب میں چھوٹی تھی، ایک حادثہ میں میرے والد کا انتقال ہوگیا۔ اس لیے میری ماں کچھ گھروں میں نوکرانی کا کام کرتی تھی۔ ہم لوگوں کے دن بہت مشکل اور تکلیف دہ تھے۔ مجھے آٹھویں جماعت کے بعد پڑھائی چھوڑنی پڑی۔

میں اور زیادہ پڑھنا چاہتی تھی لیکن میری ماں نے میری شادی کردی۔

میرے شوہر کا خاندان ایک کچے گھر میں رہتا تھا۔ ان کے دو بھائی اور بہن اسکول نہیں جاتے تھے۔ ان کی ایک چائے کی دوکان تھی۔

## معلوم کیجیے : ایک پیالی چائے کی قیمت کیا ہے؟

لوگوں سے پوچھیے اور پتہ لگائیے کہ ایک پیالی چائے کی کیا قیمت ہے؟


- ★ کسی چائے کی دوکان پر ________
- ★ کسی ہوٹل میں ________

اگر کوئی چائے کی دوکان چلانے والا شخص ایک دن میں 30 روپیے کماتا ہے تو وہ 10 دنوں میں کتنا کمائے گا؟ ________

اور ایک مہینے میں؟ ________

آپ کو جواب کیسے حاصل ہوا؟ بحث کیجیے۔





میں نے خود تجارت شروع کرنے کی سوچی۔ میں نے سوچا کہ میں یا تو چوڑی کی دوکان کروں گی یا پھر درزی کی۔ لیکن میرے چچا نے بتایا کہ ہم لوگ ایک کباڑ کی دوکان کھول کر زیادہ کما سکتے ہیں۔

2001ء میں، میں اور میری ساس نے مل کر ایک کباڑ کی دوکان کھولی۔ دوکان کے لیے ہم لوگوں نے 8000 روپیہ قرض لیا۔

## معلوم کیجیے : قرض کیا ہے؟

- ★ کیا آپ نے کبھی کسی کو قرض لیتے ہوئے سنا ہے؟
  کس چیز کے لیے؟ ________
- ★ کتنا قرض لیا گیا تھا؟ ________
- ★ کتنی رقم واپس کی گئی تھی؟ ________

ہریا اور بابو 300 روپیے میں ایک ٹھیلا خریدنا چاہتے ہیں۔



ہریا

میں نے ایک بینک سے 6 مہینوں کے لیے 300 روپیے قرض لیا ہے۔ میں بینک کو ہر مہینہ 51 روپیے ادا کروں گا۔

لیکن میں نے چنّی لال سے 300 روپیہ قرض لیا ہے۔ چھ مہینوں کے بعد میں اسے 360 روپیے واپس کروں گا۔



بابو

کس کو زیادہ رقم واپس کرنی ہوگی — ہریا کو یا بابو کو؟ ________



© NCERT not to be republished



لوگ ہمارے کام کے لیے ہمیں چڑھاتے ہیں اور ہم پر ہنستے ہیں۔ وہ لوگ اسے گندا کام یا گندی تجارت کہتے ہیں۔ لیکن میں ایسا نہیں سوچتی۔ میں جانتی تھی کہ یہ خیال کام کرے گا۔



اب ہم لوگوں کے پاس مع بجلی کے ایک پکّا گھر ہے۔ ہم لوگوں کے پاس ایک فریج، ایک ٹیلی ویژن اور ایک گیس کا چولہا ہے۔ میرے شوہر کے بھائی، بہن اور میری بیٹی بھی اسکول جاتے ہیں۔



میرے اپنے 9 رکشے ہیں۔ میں ہر رکشا 20 روپے فی دن کی شرح سے کرایہ پر دیتی ہوں۔ میں اتوار کو ان لوگوں سے کوئی رقم نہیں لیتی ہوں۔

### ایک دن میں 9 رکشا سے کرن کتنا کماتی ہے؟

ایک رکشا سے وہ روزانہ 20 روپے پاتی ہے۔

اس لیے 9 رکشوں سے وہ کمائے گی ________ روپیہ۔

آپ نے یہ کیسے معلوم کیا؟

ارے میں اسے ایسے کروں گا—
2 کا 9 گنا 18 ہے۔
اس لیے 20 کا 9 گنا 180۔



لیکن میں اسے زیادہ آسانی سے کر سکتا ہوں۔
10 رکشا کے لیے اسے 20 روپیہ × 10 = 200 روپے ملے گا۔
اس لیے 9 رکشا کے لیے اسے ملے گا۔
200 روپے - ________ = ________

اسے کرنے کے لیے کچھ دوسرے طریقوں پر غور کیجیے۔

اس طرح کے مسائل کو حل کرنے کے لیے بچوں کو خود کے طریقہ کار کا استعمال کرنے کے لیے ہمت افزائی کریں۔ اس پر بحث ہونی چاہیے کہ وہ لوگ اپنے جوابات تک کیسے پہنچے ہیں۔

★ ایک رکشا سے کرن ایک ہفتہ میں کتنا کماتی ہے؟

★ اس کو دماغ سے سوچیں اور جوابات لکھیں۔

4 × 80 ، 4 × 81 سے 4 زیادہ ہے۔ کیا میں صحیح ہوں؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| $2 \times 6 =$ ______ | | $4 \times 80 =$ ______ | |
| $20 \times 6 =$ ______ | | $4 \times 81 =$ ______ | |
| $2 \times 60 =$ ______ | | $9 \times 25 =$ ______ | |
| $3 \times 42 =$ ______ | | $31 \times 9 =$ ______ | |



میری اپنی کباڑی کی چھوٹی سی دوکان ہے۔ میں کباڑ جمع کرنے والوں سے کباڑ خریدتی ہوں۔ وہ لوگ گھر گھر جاتے ہیں اور ٹھیلے پر کباڑ لاتے ہیں۔ پھر میں اسے بڑی دوکان پر بیچ دیتی ہوں۔

## اس کباڑ کے لیے کتنا ادا کرنا ہے؟

کرن نے کباڑ اکٹھا کرنے والوں سے کچھ کباڑ خریدا۔

آج کی قیمت جاننے کے لیے فہرست قیمت پر نظر ڈالیے۔ کباڑ کی قیمت معلوم کرنے میں کرن کی مدد کیجیے۔

1 کلوگرام اخبار کی قیمت 5 روپے ہے۔
30 کلوگرام کی قیمت 5 × 30 = 150 روپے
اس لیے 31 کلوگرام کے لیے وہ ادا کرتی ہے ______ روپے۔

＊ 31 کلوگرام کے لیے کرن کتنا ادا کرے گی؟

یہ مشق ضرب کرنے کے لیے مختلف طریقہ کار (معیاری قواعد کے علاوہ) کا استعمال کرنے کے لیے بچوں کی ہمت افزائی کرتی ہے۔

© NCERT not to be republished

* 42 کلوگرام اخبار کے لیے کرن کتنی رقم ادا کرے گی۔
* مندرجہ ذیل کی قیمت معلوم کیجیے :

(a) 22 کلوگرام پلاسٹک

(b) 23 کلوگرام ردی کاغذ

(c) 12 کلوگرام لوہا

**فہرست قیمت**

| کباڑے کی قسم | 1 کلوگرام کی قیمت |
|---|---|
| 1۔ رڈی کاغذ | 4 روپے |
| 2۔ اخبار | 5 روپے |
| 3۔ لوہا | 12 روپے |
| 4۔ پیتل | 170 روپے |
| 5۔ پلاسٹک | 10 روپے |

اندازہ لگایئے کہ کرن کباڑ اکٹھا کرنے والوں کو کتنے روپے دے گی۔ کیا وہ
— 600 روپے سے زیادہ ادا کرے گی؟
— 600 روپے سے کم ادا کرے گی؟

کیا آپ بغیر لکھے کر سکتے ہیں؟



## ذہین کرن کباڑ بیچتی ہے۔

کرن اپنا کباڑ ایک بڑی دوکان پر بیچتی ہے، وہ اپنے موبائل پر قیمتیں چیک کرتی ہے اور تب ہی بیچتی ہے جب اس کو اچھی قیمت ملتی ہے۔

آج وہ پلاسٹک، اخبار، لوہا اور پیتل بیچنے دینو کی بڑی دوکان پر گئی۔

دینو نے 32 کلوگرام لوہا، 4 کلوگرام پیتل، 152 کلوگرام اخبار، 63 کلوگرام پلاسٹک تولا۔





A. 63 کلو گرام پلاسٹک کے لیے دینو کتنی رقم ادا کرے گا.

| دینو کی فہرست قیمت | |
|---|---|
| کباڑ کی قسم | 1 کلوگرام کی قیمت |
| 1۔ اخبار | 6 روپے |
| 3۔ لوہا | 14 روپے |
| 4۔ پیتل | 180 روپے |
| 5۔ پلاسٹک | 12 روپے |
| 6۔ ردّی کاغذ | 4.50 روپے |

ایک کلوگرام پلاسٹک کی قیمت 12 روپیے ہے۔

اس لیے 63 کلوگرام پلاسٹک کی قیمت ہوگی 12 × 63 روپے۔

یاد کیجیے؛ آپ نے درجہ سوئم میں دو اعداد کو ضرب کرنے کے لیے خانوں کا استعمال کیا تھا۔

| | 60 | 3 |
|---|---|---|
| 10 | 60 × 10<br>**600** | 3 × 10<br>**30** |
| 2 | 60 × 2<br>**120** | 3 × 2<br>**6** |




دینو نے خانوں میں اعداد کو جوڑا۔

$$\begin{array}{r} 600 \\ 120 \\ 30 \\ +\ 6 \\ \hline 756 \\ \hline \end{array}$$

اس لیے 63 کلوگرام پلاسٹک کے لیے، دینو 756 روپیے دے گا۔

* کرن 10 روپے میں 1 کلوگرام پلاسٹک خریدتی ہے، لیکن 1 کلوگرام پلاسٹک 12 روپیے میں بیچتی ہے۔

1 کلو پلاسٹک بیچ کر وہ کتنے روپے کماتی ہے؟ ________ روپیہ۔

اس لئے، 63 کلوگرام پر وہ کتنے روپے کماتی ہے؟ ________ روپیہ۔

© NCERT not to be republished

## B. کرن 32 کلو گرام لوھا بیچتی ھے.

* 32 کلوگرام لوہے کے لیے دینو کتنے روپیے ادا کرے گا؟
* کرن 12 روپے میں 1 کلوگرام لوہا خریدتی ہے مگر اسے 14 روپیے میں بیچتی ہے۔
  وہ کتنا کماتی ہے جب وہ 32 کلوگرام لوہا بیچتی ہے؟ ________ روپیے

## C. 152 کلو گرام اخبار کے لیے دینو کتنے روپیے ادا کرے گا؟

1 کلوگرام اخبار کی قیمت 6 روپیے ہے۔ اس لیے 152 کلوگرام اخبار کی قیمت ہے 152 × 6 روپیے۔




دینو لکھتا ہے:

| | 100 | 50 | 2 |
|---|---|---|---|
| 6 | 100 × 6<br>**600** | 50 × 6<br>**300** | 2×6<br>**12** |

پھر وہ اعداد کو خانوں میں جوڑتا ہے:

$$\begin{array}{r} 600 \\ 300 \\ +\ \ 12 \\ \hline 912 \\ \hline \end{array}$$




اس لیے 152 کلوگرام اخبار کے لیے وہ کرن کو 912 روپیے دے گا۔

## D دینو پیتل کے لیے کتنا ادا کرتا ھے؟

4 کلوگرام پیتل کے لیے دینو کتنے روپیے ادا کرے گا؟ ________




© NCERT not to be republished

**پہلے جواب کا اندازہ کیجیے پھر حل کیجیے:**

ا) 37×18 =
ب) 45×24 =
ج) 69×52 =
د) 77×55 =
ہ) 142×5 =
و) 382×3 =
ز) 2×175 =
ح) 4×206 =


## میری ڈائری بھریے

کرن نے کباڑا اکٹھا کرنے والوں سے کچھ کباڑا خریدا۔ اس نے ان لوگوں کو 841 روپیے ادا کیے۔ اس نے اس کباڑ کو دینو کی بڑی دوکان پر بیچا اور دینو نے کرن کو یہ نوٹ اور سکّے دیے۔


کے 3 نوٹ


کے 8 نوٹ


کے 6 نوٹ


کے 6 نوٹ


کے 4 سکے


کے 7 نوٹ

کرن نے اپنی ڈائری میں رکارڈ کیا۔

11 مارچ 2007

رقم جو میں نے ادا کی — 841 روپیے

رقم جو میں نے حاصل کی — 600 روپیے
— 150 روپیے
— 140 روپیے
— 60 روپیے
— 40 روپیے
— 4 روپیے

کل: روپیے 994

994
– 841 روپیے

رقم جو میں نے کمائی 153

© NCERT not to be republished

بعد میں اس نے کباڑا اکٹھا کرنے والوں کو 919 روپیے دیے۔ جب اس نے اس کباڑے کو بیچا تو دینو سے اسے یہ نوٹ اور سکّے ملے۔


کے 28 سکے


کے 18 نوٹ


کے 5 نوٹ


کے 9 نوٹ


کا 1 نوٹ

اب آپ اس کی ڈائری میں ریکارڈ لکھیے۔

معلوم کیجیے کہ اس بار اس نے کتنے روپیے کمائے۔

18 مارچ 2007

© NCERT not to be republished